طوفانی بارش سے نمٹنے کیلئے مؤثر اقدامات کرنے پر سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، تمام حق پرست ٹاؤن ویوسی ناظمین نائب ناظمین اورسٹی گورنمنٹ کے عملے کوالطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔30 جولائی2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں ہونے والی طوفانی بارش سے نمٹنے کیلئے مؤثر اقدامات کرنے پر سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین نائب یوسی ناظمین اورسٹی گورنمنٹ کے تمام عملے کوزبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے بارشوں سے پہلے ہی برساتی نالوں اورسیوریج کے سسٹم کوبہتر بنانے کیلئے مناسب اقدامات کئے جس کے باعث شہرمیں گزشتہ روز ہونے والی طوفانی بارشوں سے ماضی جیسی تباہ کن صورتحال پیدا نہیں ہوئی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ بارشوں سے نمٹنے کیلئے شہری حکومت نے جومؤثر اقدامات کئے ہیں اورجس طرح سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال اورٹاؤن اوریوسی ناظمین نے سٹی گورنمنٹ کے عملے کے ساتھ ملکر بارشوں کے پانی کی نکاسی اورٹریفک کورواں رکھنے کیلئے جس محنت وجانفشانی سے کام کیا ہے وہ قابل تعریف ہے جس پر سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین نائب یوسی ناظمین اورسٹی گورنمنٹ کا تمام عملہ زبردست خراج تحسین کا مستحق ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرست قیادت انشاءاللہ اسی طرح ہرآزمائش اورامتحان کے وقت عوام کے درمیان رہ کرخدمات انجام دیتی رہے گی۔

ایم کیوایم میرپورخاص زون کے کارکن محمد سلیم پھول والے سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔30 جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میرپورخاص زون کے کارکن محمد سلیم پھول والے سے ان کے بہنوئی عبدالقیوم اوربھابھی محترمہ ثمینہ غنی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے محمد سلیم سمیت مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالقیوم مرحوم اورمرحومہ ثمینہ غنی کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اورلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔

حق پرست عوام محسن بھوپالی کی اہلیہ کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔30/جولائی2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف شاعر محسن بھوپالی کی اہلیہ محترمہ مقبول کشور کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ مقبول کشور کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضورخصوصی دعا کریں۔

عبدالمجیداورطاہراحمد خان کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔30/جولائی2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹریونٹ 74 کے کارکن محمد عمران کے والدعبدالمجیداورایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹریونٹ C-67 کے کارکن طاہراحمد خان کے والدمحمداسمٰعیل خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اورسوگواران صبرجمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆